24جون2016ء

اسٹیٹ بینک کی نئے کرنسی نوٹ جاری کرنے والی ایس ایم ایس سروس کا لوگوں کی طرف سے پُرجوش خیر مقدم

عیدالفطر کے موقع پر عوام کو نئے کرنسی نوٹوں کے اجرا کے لیے لیے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے ذریعے ایس ایم ایس سروس دوبارہ شروع کردی گئی ہے۔ یہ سروس 2 رمضان 2016ء سے دوبارہ شروع کی گئی ہے۔ نئے نوٹ جاری کرنے والی سروس کا کوڈ 8877 ہے۔

یہ سروس ملک بھر میں نامزد کردہ بینکوں کی 500 ای برانچز کے علاوہ ایس بی پی۔ بی ایس سی کے 16 فیلڈ دفاتر میں بھی مہیا کی گئی ہے۔

اسٹیٹ بینک کو، عوام کو آگاہ کرتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ اب تک تقریباً 13 لاکھ افراد نے بکنگ کوڈ حاصل کیے ہیں جس میں سے 55 فیصد کو مذکورہ بالا برانچز سے نئے کرنسی نوٹ دئے گئے ہیں۔ اس سروس پر عوام نے ایک مرتبہ پھر بھرپور ردعمل ظاہر کیا ہے جس کے نتیجے میں کئی ای برانچز بکنگ کی حد کو توقع سے پہلے ہی چھو چکے تھے۔ تاہم مزید افراد کو سہولت دینے کے لیے ان ہی برانچوں کی زیادہ زیادہ حد کو بڑھا دیا گیا ہے۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ وہ افراد جنہیں بکنگ کوڈ جاری کیے جا چکے ہیں وہ عیدالفطر 2016ء سے قبل بقیہ کام کے دنوں میں نئے نوٹ حاصل کرلیں، اس سہولت کو 25 جون 2016ء بروز ہفتہ رات بارہ بجے سے بند کیا جارہا ہے اور اس کے بعد کوئی بکنگ کوڈ جاری نہیں کیا جائے گا۔ عوام سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ 8877 پر ایس ایم ایس بھیجنے سے گریز کریں۔ ایس بی پی اور ایس بی پی۔ بی ایس سی، ملک بھر کے 116 شہروں میں میں اس اقدام کو کامیاب بنانے پر کمرشل بینکوں کے کردار اور عوام کے مشکور ہیں۔

****